SECP
SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE
Tuesday, 21 May 2024
For immediate release

# ایس ای سی پی نے کیپٹل مارکیٹس میں چین کے ساتھ تعاون پر ورکشاپ کا انعقاد

کراچی، 21 مئی: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے پاکستان اور چین کے درمیان کیپٹل مارکیٹوں کو فروغ دینے کے حوالے سے ممکنہ تعاون کے شعبوں کو تلاش کرنے کے لیے ورکشاپ منعقد کی گئی جس میں فنانشل مارکیٹ کے ماہرین کے تجربات اور خیالات سے استفادہ کرنا تھا۔

ورکشاپ کی صدارت چیئرمین ایس ای سی پی عاکف سعید نے کی جبکہ دیگر شرکاء میں ایس ای سی پی کے کمشنر عبدالرحمٰن وڑائچ، ایس ای سی پی کی سینئر مینجمنٹ اور کیپیٹل مارکیٹ کے کے اداروں، بروکریج ہاؤسز، بینکوں، انشورنس کمپنیوں اور اثاثہ جات کی انتظامی کمپنیوں کے نمائندے شامل تھے۔

شرکاء نے دونوں ممالک کی کیپٹل مارکیٹوں کے درمیان روابط کو مضبوط بنانے اور پاکستان کی کیپٹل مارکیٹوں میں چینی سرمایہ کاری کو بڑھانے کے طریقوں پر غور کیا۔ اہم زیر غور تجاویز میں متعلقہ اسٹاک ایکسچینجز کے درمیان کراس لسٹنگ ، چینی فرموں اور ان کے مقامی ممکنہ پارٹنرز کے درمیان اشتراک قائم کرنا، اور چینی سرمایہ کاروں کو پاکستان کی کیپٹل مارکیٹوں تک آسان رسائی فراہم کرنے کے لیے ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز بنانا شامل ہیں۔

ورکشاپ میں پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے، ڈیجیٹلائزیشن کو آگے بڑھانے ، اسٹاک مارکیٹ کے سرمایہ کاروں کی تعداد میں اضافے اور زیادہ سے زیادہ بین الاقوامی مالیاتی انضمام کو حاصل کرنے کے طریقوں پر مزید غور کیا گیا۔ ورکشاپ کے دوران اسٹاک مارکیٹ کے بارے میں مزید آگاہی کے ساتھ ساتھ کیپٹل مارکیٹ اور حقیقی معیشت کے درمیان روابط پیدا کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005